سبق:۱۵

# تعلیم حاصل کرو



کتابوں کی دنیا ہے سب سے جدا
جسے بھا گئی اس کی پیاری فضا
وہی کامیابی کے زینے چڑھیں
ترقی کی راہوں پہ ہردم بڑھیں
ادھورا نہیں، خود کو کامل کرو
بصد شوق تعلیم حاصل کرو
کتابوں سے جس کو محبت نہیں
سبق یاد کرنے کی عادت نہیں
اٹھایے گا دنیا میں نقصان وہ
مکمل نہیں ہو گا انسان وہ
ادھورا نہیں، خود کو کامل کرو
بصد شوق تعلیم حاصل کرو
لگن اور محنت سے تم صبح وشام
مٹادو جہاں سے جہالت کا نام
جہالت ہمیشہ سے بدنام ہے
جو جاہل ہے دنیا میں ناکام ہے
ادھورا نہیں، خود کو کامل کرو
بصد شوق تعلیم حاصل کرو

الفاظ اور معانی

| لفظ | معنی | لفظ | معنی |
|---|---|---|---|
| کامل | ماہر | بصدشوق | پورے شوق سے |
| فضا | بہار، رونق | ہردم | ہمیشہ |

## مشق

(۱) سوچیے اور بتایے:

(الف) کس کی دنیا سب سے جدا ہے؟

(ب) دنیا میں کون نقصان اٹھایے گا؟

(ج) دنیا سے جہالت کس طرح مٹ سکتی ہے؟

(د) کون دنیا میں ناکام ہے؟

(۲) ذیل کے الفاظ کو اپنی کاپی میں لکھیے :۔

فضا۔ترقی ۔کامل ۔ادھورا۔تعلیم ۔حاصل ۔ جہالت

(۳) ''الف'' کو''ب'' سے جوڑ کر شعر بنایئے :۔

| (الف) | (ب) |
|---|---|
| ادھورا نہیں خود کو کامل کرو | مٹادو جہاں سے جہالت کا نام |
| اٹھایے گا دنیا میں نقصان وہ | جو جاہل ہے دنیا میں ناکام ہے |
| لگن اور محنت سے تم صبح وشام | بصدشوق تعلیم حاصل کرو |
| جہالت ہمیشہ سے بدنام ہے | مکمل نہیں ہوگا انسان وہ |